ٹی او آر

نیشنل انجینئرنگ سروسز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (NESPAK) اسلام آباد میں واقع اپنے دفتر کے لیے فوٹو کاپی، پرنٹنگ، سکیننگ اور بائنڈنگ کے کام کے لیے ایک فرم کی خدمات حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

1. بڈر کے لئے ھدایات:

i) فرم کے پاس حکومت / کارپوریٹ دفاترمیں متعلقہ کام کرنے کا کم از کم آٹھ (8) سالہ تجربہ ہو۔
ii) فرم کا نام فعال ٹیکس ادا کرنے والوں کی فہرست میں ہو۔
iii) فرم کوجی ایس ٹی رجسٹرڈ ہو۔
iv) فرم کو اپنی بڈ کے ساتھ 30,000 روپے (تیس ہزار پاکستانی روپے صرف) کی بڈ سیکیورٹی جمع کرانی ہوگی، جو کامیاب بڈر کومعاہدہ سائن ہونے کے بعد واپس کردی جائے گی۔ بڈ سیکیورٹی بنام NESPAK آفس، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد بطور پے آرڈر یا بینکر چیک جمع کرانی ہوگی۔ بڈ سیکیورٹی جمع نہ کروانے والی فرم کی بڈ زیر غور نہں لائی جائے گی۔

2. بڈ کے لئے شرائط و ضوابط:

i) معاہدہ ایک (01) سال کی مدت کے لیے کارآمد ہوگا، جس میں دونوں فریقین کی باہمی رضامندی کے ساتھ مزید توسیع کی جا سکتی ہے۔ نیسپاک کی ہدایات پرعمل نہ ہونے کی صورت میں نیسپاک کسی بھی وقت معاہدہ ختم کرنے کا اختیاراپنے پاس محفوظ رکھتی ہے۔

(ii مطلوبہ کام کی تفصیل درج ذیل ہے:

(a) وہ تمام فوٹوکاپی، پرنٹنگ، سکیننگ اور بائنڈنگ کا کام جو کامیاب فرم اپنے دفتر میں انجام دے گی۔ کام کی تفصیل بل آف کوانٹیٹیزمیں دیکھی جا سکتی ہے۔

(b) وہ تمام فوٹوکاپی، پرنٹنگ اور سکیننگ کا کام جو نیسپاک اسلام آباد کے دفترمیں فرم سے کرائے پر نصب کردہ مشین پرانجام دیا جائے گا۔ کام کی تفصیل بل آف کوانٹیٹیزمیں دیکھی جا سکتی ہے ۔

(iii نیسپاک اسلام آباد دفترمیں درج ذیل مشین کرائے کی بنیاد پر نصب کرنے کا ارادہ رکھتا ہے:

(a) بلیک اینڈ وائٹ فوٹو کاپی مشین،

(b) بلیک اینڈ وائٹ پرنٹنگ+ کلر / بلیک اینڈ وائٹ اسکیننگ مشین

(iv ضرورت کے مطابق نیسپاک اسلام آباد دفترمیں کرائے کی بنیاد پر نصب مشین کی تعداد بڑھائی یا کم کی جا سکتی ہے۔

(v کرائے کی بنیاد پر نصب کی گئی مشین کے لیے نیسپاک اسلام آباد دفترمیں مناسب جگہ فراہم کی جائے گی۔

(vi کامیاب فرم گزیٹڈ تعطیلات کے علاوہ ہفتے میں 6 دن اپنی خدمات فراہم کرے گی۔

(vii کامیاب فرم تمام مطلوبہ سازوسامان، مشین اور سروس کی موثر فراہمی کا انتظام کرے گی۔

(viii نیسپاک اسلام آباد دفترمیں نصب کردہ تمام فوٹو کاپی مشین، کلر اینڈ بلیک اینڈ وائٹ پرنٹنگ اینڈ پلاٹنگ مشین، کلر اینڈ بلیک اینڈ وائٹ اسکیننگ مشین نئی اور جدید ترین ہوں گی۔ کسی بھی خراب مشین کو فرم 24 گھنٹے کے نوٹس پرنئی مشین سے تبدیل کرنے کی پابند ہوگی ۔

ix) ٹینڈر کی قیمت میں نیسپاک اسلام آباد دفترمیں نصب کی جانے والی مشین کی مکمل دیکھ بھال بشمول سروس، تمام اسپیئرپارٹس کی تبدیلی اوراستعمال کی جانے والی اشیاء (ٹونر، ڈویلپر، ڈرم وغیرہ) شامل ہوں گے۔ صرف فوٹو کاپی پیپراور مشین آپریٹر نیسپاک اسلام آباد آفس خود فراہم کرے گا۔

x) فرم کی طرف سے انوائس (بل) جمع کروانے پر، ادائیگی فرم کے نام کراس چیک کے ذریعے جاری کی جائے گی۔

xi) انوائس (بل) میں سے ٹیکس کٹوتی حکومتی قوانین کے مطابق کی جائے گی۔

xii) کسی بھی شکایت کی صورت میں، فرم نیسپاک کی ہدایات پرعمل کرنے کی پابند ہوگی۔

xiii) ضرورت پڑنے پرفرم کو کوئی بھی اضافی متعلقہ کام تفویض کیا جا سکتا ہے جس طرح رنگین پریزنٹیشنز تیار کرنا، کتابوں کی بائنڈنگ وغیرہ جس کے لئے ریٹ باہمی رضامندی سے طے کئے جائیں گے۔

xiv) بڈ کھولنے، جانچنے اور قبول / مسترد کرنے کا عمل PPRA قوانین کی متعلقہ شقوں کے مطابق کیا جائے گا۔

xv) ہر لحاظ سے مکمل مہر بند بڈز 23 جون 2025 کو یا اس سے پہلے 1100 بجے تک درج ذیل پتے پر جمع کرائی جائیں۔ بڈز اسی دن 1130 بجے کھولی جائیں گی۔

عمر فاروق
آفس مینیجر،
نیسپاک ہاؤس، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد
فون : 0519007222
موبائل : 03138883334